# بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
# اسلام آباد



# عربی زبان کے شارٹ کورسز

## داخلہ کا طریقہ کار:

- کم از کم تعلیمی قابلیت: تمام کورسز کیلئے میٹرک مجموعی 50 فیصد نمبر • داخلہ فارم ویب سائٹ www.iiu.edu.pk پر دستیاب ہے یا
- مردوں کیلئے: فیکلٹی آف عربی، امام ابوحنیفہ بلاک، کمرہ نمبر C-25 • خواتین کیلئے: کمرہ نمبر C-26، فاطمۃ الزہرہ بلاک، فی میل کیمپس، سیکٹر H-10، اسلام آباد
- مکمل شدہ فارم ہمراہ منسلک دستاویزات دکھا کر فیس سیکشن (میل اور فی میل) ایڈمن بلاک سے چالان فارم حاصل کیا جاسکتا ہے۔
- فیس میں رعایت حاصل کرنے کی صورت میں چالان فارم سے قبل رابطہ کار سے جانچ پڑتال فارم حاصل کرنا ضروری ہے۔
- مرد طلبا کو فیس حبیب بینک لمیٹڈ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی برانچ میں سبز چالان فارم پر جمع کرانا ہوگی۔
- خواتین طالبات سفید چالان فارم پر الائیڈ بینک فی میل کیمپس، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں فیس ادا کریں گی۔
- فیس جمع کرانے کے بعد: فارم کیساتھ اکیڈمک کاپی درج ذیل کمرے میں جمع کرائیں:
- مرد: کمرہ نمبر C-25 (امام ابوحنیفہ بلاک)، خواتین: کمرہ نمبر C-26 (فاطمۃ الزہرہ بلاک)

## فیس واپسی کی صورت

- کلاسز شروع ہونے سے ایک ہفتہ کے اندر درخواست دینے والے طلبہ کو مکمل فیس واپس کی جائے گی۔
- کلاسز شروع ہونے سے پندرہ ایام کے اندر درخواست دینے والے طلبہ کو 50 فیصد فیس واپس کردی جائے گی۔
- کلاسز شروع ہونے کے پندرہ ایام کے بعد فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

## ٹرانسپورٹ کی سہولت:

- طلبا موجودہ روٹس اور اوقات میں مفت یونیورسٹی ٹرانسپورٹ کی سہولت استعمال کرسکتے ہیں۔
- ٹرانسپورٹ کیلئے علیحدہ روٹ یا اوقات پر غور نہیں کیا جائے گا۔
- کورس کے دوران ٹرانسپورٹ اوقات میں تبدیلی کی صورت میں طلبا خود اپنے انتظام پر آئیں گے۔

## کورسز کیلئے متوقع تاریخیں

- 3 ماہ شارٹ عربی کورس (سال میں تین مرتبہ) سیشن-1: ستمبر سیشن-2: دسمبر سیشن-3: مارچ
- اتوار عربی سیکھنے کا پروگرام (سال میں دو مرتبہ) سیشن-1: ستمبر سیشن-2: مارچ
- موسم گرما عربی کورس (سال میں ایک مرتبہ) سیشن: جولائی

## اساتذہ

1- ڈاکٹر حافظ محمد بشیر
ایسوسی ایٹ پروفیسر / ڈین فیکلٹی آف عربی / انچارج شارٹ عربی کورسز
سپیشلائزیشن لسانیات (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد - پاکستان)
تدریسی تجربہ: 27 سال

2- ڈاکٹر ظہیر احمد
اسسٹنٹ پروفیسر/ کوارڈینیٹر شارٹ عربی کورسز
سپیشلائزیشن لسانیات (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد-پاکستان)
تدریسی تجربہ: 8 سال

3- ڈاکٹر محمد علی غوری
ایسوسی ایٹ پروفیسر
سپیشلائزیشن عربی ادب (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد-پاکستان)
تدریسی تجربہ: 30 سال

4- ڈاکٹر حبیب الرحمن عاصم
اسسٹنٹ پروفیسر
سپیشلائزیشن تقابلی ادب (پنجاب یونیورسٹی-لاہور پاکستان)
تدریسی تجربہ: 30 سال

5- ڈاکٹر انعام الحق غازی
اسسٹنٹ پروفیسر / انچارج شعبہ ترجمہ وفوری ترجمہ
سپیشلائزیشن عربی ادب (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد-پاکستان)
تدریسی تجربہ: 28 سال

6- عبدالجبار
لیکچرار (بی ایس از اسلامی یونیورسٹی مدینۃ المنورۃ - مملکت سعودی عرب)
(ایم ایس از بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد-پاکستان)
تدریسی تجربہ: 30 سال

7- اخلاق احمد
لیکچرار / پی ایچ ڈی سکالر (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد-پاکستان)
تدریسی تجربہ: 6 سال

### غیر ملکی اساتذہ

1- ڈاکٹر رفعت علی محمد
ایسوسی ایٹ پروفیسر
سپیشلائزیشن عربی ادب (الازہر یونیورسٹی قاہرہ-مصر)

2- ڈاکٹر عبدالمنعم
اسسٹنٹ پروفیسر
سپیشلائزیشن عربی ادب (یونیورسٹی آف خرطوم-سوڈان)
تدریسی تجربہ: 22 سال

3- محمد ناشی
لیکچرار / پی ایچ ڈی سکالر (بی ایس از دارالعلوم قاہرہ-مصر)
تدریسی تجربہ: 21 سال

مزید معلومات کیلئے: www.iiu.edu.pk ڈاکٹر ظہیر احمد (کورس کوارڈینیٹر) 0333-5290675، ای میل: zaheer.ahmad@iiu.edu.pk

# تعارف

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی گزشتہ 30 سال سے عربی زبان کے شعبہ میں مستحکم پس منظر رکھتی ہے۔کلیۃ اللغۃ العربیۃ میں مختلف عرب ممالک کے اساتذہ جن میں الازھر یونیورسٹی مصر،سوڈان،عراق اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے سینئر اساتذہ شامل ہیں۔عربی زبان بطور قرآن وحدیث اور شریعت کے مصادر کی زبان کی وجہ سے اسلامی معاشروں میں غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔اس کے علاوہ عصری ضروریات کے پیش نظر عربی کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ان تمام اُمور کو مدنظر رکھتے ہوئے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل نے عوام الناس کے لئے عربی زبان کے شارٹ کورسز کے اجراء کی منظوری دی۔فروری 2009 سے متعدد اداروں مثلاً پی ٹی سی ایل، پولیس، آرمی، بینک، یونیورسٹیوں، پی ٹی اے، ڈاکٹرز، انجینئرز، بیوروکریٹس، گھریلو خواتین اور طلبہ وطالبات نے ان کورسز سے استفادہ کیا۔ان کورسز کے اختتام پر سرٹیفکیٹ دیئے جاتے ہیں اور وقتاً فوقتاً لوگوں سے اِن کورسز کے بارے میں آراء لی جاتی ہیں تا کہ ان کورسز کو دن بدن بہتر بنایا جائے تا کہ لوگ ان کورسز سے بھرپور فائدہ اُٹھا سکیں۔عربی زبان کے کورسز کا ایک اور امتیاز مرد و خواتین کیلئے علیحدہ کلاسز کا انتظام ہے۔

## امتیازی خصوصیات:-

- پی ایچ ڈی کے حامل پاکستانی وعرب اساتذہ
- مفت ٹرانسپورٹ کی سہولت
- قرآن اور عربی بول چال کا بین الاقوامی معیار کا نصاب
- مرد وخواتین کیلئے علیحدہ کلاسز

## عربی زبان کے کورسز

**3 ماہ کا شارٹ عربی کورس (شام کے اوقات میں)**

دورانیہ: 3 ماہ (12 ہفتے) — کلاسز کے دن: منگل، بدھ، جمعرات

اوقات: مرد: شام 05:15 تا 08:15 بجے — خواتین: دن 02:30 بجے تا 05:30 بجے

کلاسز کا دورانیہ: ہفتہ میں 8 گھنٹے

---

**عربی پروگرام (Sunday Learning) (صبح کے اوقات میں)**

دورانیہ: 6 ماہ (24 ہفتے) — کلاسز کے دن: اتوار

اوقات: مرد وخواتین کیلئے دن 09:00 بجے تا 01:00 بجے

کلاسز کا دورانیہ: ہر اتوار 4 گھنٹے

---

**سمر عربی کورس**

دورانیہ: 2 ماہ (8 ہفتے) — مطالعہ کے ایام: روزانہ (پیر تا جمعرات)

ایام: مرد: شام 05:15 بجے تا رات 08:15 بجے — خواتین: صبح 08:30 بجے تا 11:30 بجے

کلاسز کا دورانیہ: ہفتہ میں 15 گھنٹے

# کورس کا تعارف

یہ تمام کورسز کل 96 کریڈٹ گھنٹوں پر مشتمل ہیں۔

یہ کورسز اس انداز سے مرتب کئے گئے ہیں کہ لغوی تشریحات کے ذریعے قرآن کو کیسے سمجھا جا سکتا ہے۔بول چال کے مواد کیساتھ مشقوں اور روزمرہ زندگی سے ذخیرہ الفاظ شامل ہیں۔پڑھنے کی مہارت اور مشکل الفاظ کی وضاحت اور اُن کا استعمال شامل ہیں۔

ان کورسز کو تین مہارتوں میں تقسیم کیا گیا ہے

قواعد (ہفتہ میں 2 کریڈٹ گھنٹے)

قرآن پاک، حدیث اور عربی متن سے قواعد کے لحاظ سے تجزیہ کی مثالیں

عربی متن پڑھنا اور سمجھنے کی مہارت

عربی بول چال

روزمرہ زندگی کے مکالموں کی پڑھائی اور سنائی

طلبا کی طرف سے دو، تین، چار ۔۔۔الفاظ کے استعمال سے جملے بنانا

مطالعہ (2 کریڈ گھنٹے فی ہفتہ)

مشکل الفاظ کے معنی اور ان کا مختلف انداز سے استعمال

بولنے کی مہارتیں (4 کریڈٹ گھنٹے فی ہفتہ)

طلبا سے اِن مکالموں کی مشق

عرب اساتذہ کی طرف بول چال کی مشقیں

## داخلے اور پیش کردہ لیولز

سرٹیفکیٹ (عربی زبان کا پہلے علم نہ رکھنے والوں کیلئے ابتدائی کورس)

ڈپلومہ (ایسے طلبا کیلئے جنہوں نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی یا کسی دیگر ادارہ سے سرٹیفکیٹ کورس مکمل کیا ہو)

ایڈوانس ڈپلومہ (ایسے طلباء کیلئے جنہوں نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی یا کسی دیگر ادارہ سے ڈپلومہ کورس مکمل کیا ہو)







**فیس: مبلغ -/9,000 روپے**

### فیس میں رعایت:

عربی کورس میں اکٹھے داخلہ لینے والے (خاوند اور بیوی)، (بھائی یا بہنیں) اور (باپ / بیٹا اور ماں/بیٹی) کو فیس میں 25 فیصد رعایت پیش کی جاتی ہے۔

25 فیصد رعایت اگر ایک ہی ادارے سے پانچ یا زائد افراد اکٹھے درخواست دے رہے ہوں، گروپ کے ہر ممبر کو رعایت دی جائیگی۔

نوٹ: درج بالا علاوہ مزید رعایت کیلئے کسی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔